کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری نے کہا کہ عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا محرم الحرام کے دوران صوبے بھر میں امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے ایک جامع حکمت عملی اختیار کی جائے گی اور سیکورٹی پلان کے تحت شہر کے خارجی اور داخلی راستوں پر چیکنگ اور سیکورٹی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں صوبے کے پولیس افسران سے بذریعہ ویڈیو لنک محرم الحرام اور دیگر سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے اجلاس خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس فرنٹ لائن پر اپنے فرائض بخوبی انجام دے رہی ہے صوبے میں امن وامان برقرار رکھنے میں کئی افسران اور جوانوں نے جام شہادت نوش کیا جن پر ہمیں فخر ہے لہٰذا ان کے مشن کو جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ محرم الحرام کے دوران صوبے بھر میں امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے ایک جامع حکمت عملی اختیار کی جائے گی اور سیکورٹی پلان کے تحت شہر کے خارجی اور داخلی راستوں پر چیکنگ اور سیکورٹی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے گا اور محرم الحرام کے جلوس کے منتظمین کے ساتھ مل کر سیکورٹی پلان پر عملدرآمد کرتے ہوئے تمام انٹیلی جنس ودیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں سے ملکر امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے سیکورٹی انتظامات کئے جائیں گے۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے آر پی اوز اور ڈی پی اوز کو ہدایت کی کہ مقامی امن کمیٹیوں کے فعال کردار کو یقینی بنائیں اور تمام مکاتب فکر کے علماء اور سول سوسائٹی کے ساتھ مل کر باہمی ہم آہنگی کی فضاء کو دوام دیں۔

## 2023-24، بلوچستان میں 40 ارب 85 کروڑ 71 لاکھ کی بے ضابطگیاں

### 13 ارب 12 کروڑ 78 لاکھ روپے کی ٹیکس اور ڈیوٹیز کی چوری کی گئی، آڈٹ رپورٹ میں انکشاف

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں مالی سال 2023-24 کے دوران 40 ارب روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف، صوبائی حکومت ترقیاتی مد میں صرف 29 فیصد بجٹ خرچ پائی، صوبائی حکومت نے بلاواسطہ (بلوچستان سیلز ٹیکس) ٹیکس کے ذریعے گزشتہ مالی سال کی نسبت 15 فیصد زائد ٹیکس حاصل کیا گیا۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی جانب سے بلوچستان حکومت کے مالی سال 2023-24 کے آڈٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ بلوچستان میں 40 ارب 85 کروڑ 71 لاکھ روپے کی مالی بے ضابطگیاں ہوئی ہیں۔ این این آئی کو حاصل ہونے والی رپورٹ کے مطابق صوبے میں گزشتہ مالی سال میں 13 ارب 12 کروڑ 78 لاکھ روپے کی ٹیکس اور ڈیوٹیز کی چوری کی گئی، حکومت کو 3 ارب 49 کروڑ 11 لاکھ 70 ہزار روپے کا نقصان ہوا، 2 ارب 76 کروڑ 3 لاکھ 10 ہزار روپے کی زائد ادائیگیاں کی گئیں، صوبے میں 23 کروڑ 60 لاکھ 62 ہزار روپے کے مشکوک اخراجات ہوئے، رپورٹ میں 7 ارب 53 کروڑ 56 لاکھ 90 ہزار روپے کی ریکوری کی نشاندہی کی گئی ہے۔ این این آئی کو موصول ہونے والی آڈٹ رپورٹ کے مطابق صوبے کو مالی سال 2023-24 کے دوران صوبے کو کل 620 ارب روپے زائد کے محصولات حاصل ہوئے جن میں سے 593 ارب روپے سے زائد خرچ جبکہ 27 ارب روپے سے زائد رقم بچائی گئی صوبے میں ترقیاتی اخراجات کے لئے مختص رقم کا صرف 29 فیصد خرچ ہوسکا صوبے کے کل محصولات میں سے وفاق کی جانب سے فراہم کردہ حصہ 78 فیصد رہا جبکہ بلوچستان سیلز ٹیکس سے صوبے کو اپنے محصولات سے 15 فیصد زائد 30 ارب 61 کروڑ روپے حاصل ہوئے۔ آڈٹ رپورٹ میں صوبائی حکومت کو مالیاتی نظام کی مانیٹرنگ کا نظام بہتر بنانے، پی سی 1 اور پی سی II کی تیاری میں شفافیت اور اہداف واضح کرنے، تھرڈ پارٹی کے ذریعے جانچ پڑتال، منصوبوں کو عالمی معیار سے مطابقت دینے، غیر ضروری بند اسکولوں پر اخراجات نہ کرنے، درسی کتب کے اسٹاک کی تصدیق اور حقیقی تعداد میں چھپائی سمیت دیگر اقدامات اٹھانے کی سفارشات بھی کی گئی ہیں۔

## سرمایہ کاری عوامی فلاح سے جوڑنے سے روزگار پیدا ہوگا' عبدالکبیر زرکون

### بی بی او آئی ٹی کی سرگرمیوں اور نوجوانوں کیلئے مواقع پر سیکرٹری پاپولیشن سے تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری محکمہ پاپولیشن ویلفیئر عبداللہ خان نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کا دورہ کیا اور چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر زرکون سے اہم ملاقات کی جس میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے ذریعے عوامی فلاح وبہبود کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا سی ای او عبدالکبیر زرکون نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی سرگرمیوں اور مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے فروغ کے اقدامات سے آگاہ کیا، جن میں معدنیات، زراعت، لائیو اسٹاک توانائی، زراعت، ماہی گیری اور سیاحت شامل ہیں۔ انہوں نے حکومت کی جانب سے سرمایہ کاروں کو دی جانے والی مراعات، جن میں ٹیکس میں چھوٹ، زمین کی فراہمی، اور ون ونڈو سہولت نظام کے تحت فوری منظوری کے عمل پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے چھوٹے کاروبار، نوجوانوں کی کاروباری حوصلہ افزائی اور سرکاری ونجی شراکت داری کی اہمیت بھی اجاگر کی عبدالکبیر زرکون نے کہا کہ سرمایہ کاری اگر عوامی فلاح کے مقاصد سے جوڑ دی جائے تو نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ عوامی خدمات اور معیار زندگی میں بھی بہتری آئے گی۔ سیکرٹری عبداللہ جان نے BBoIT کی کوششوں کو سراہتے ہوئے مکمل تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ محکمہ پاپولیشن ویلفیئر ایسی منصوبہ بندی کی حمایت کرے گا جو براہ راست عوامی مفاد میں ہو۔ انہوں نے محکمہ جاتی ہم آہنگی پر زور دیا تا کہ معاشی ترقی کا فائدہ عام شہریوں تک پہنچ سکے۔ ملاقات میں باہمی تعاون کے عزم اور شفاف، عوامی مفاد پر مبنی پالیسیوں کے ذریعے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

## ڈیرہ بگٹی: سی ٹی ڈی کی کامیاب کارروائی، 3 دہشتگرد ہلاک

### کارروائی خفیہ اطلاع پر کی گئی، ہلاک ہونے والوں سے اسلحہ اور بھاری تعداد میں راؤنڈز برآمد

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں سی ٹی ڈی نے ایک کامیاب کارروائی میں فائرنگ کے تبادلے کے بعد تین مبینہ دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ہلاک ہونے والوں سے اسلحہ اور بھاری تعداد میں راؤنڈز برآمد کرلی۔ پولیس حکام کے مطابق سوئی کے علاقے پیارا کے مقام پر خفیہ اطلاع ملنے پر سی ٹی ڈی نے ایک گاؤں پر چھاپہ مارا۔ سی ٹی ڈی کے اہلکاروں کو دیکھتے ہی ملزمان نے فائرنگ شروع کردی۔ جوابی فائرنگ کے نتیجے میں تین مبینہ دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق ہلاک ہونے والے بلوچستان کے مختلف تھانوں میں دہشت گردی کے مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 13 JUN 2025 Page No. 12

## مشن گرلز ہائی سکول معیاری تعلیمی ادارہ ہے درپیش مسائل حل کیے جائیں، ڈی سی کوئٹہ

**ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے تمام شعبہ جات کا معائنہ کیا، ای ڈی اوز میل فی میل بھی موجود تھے**

**وائس پرنسپل نے طلبہ کی تعداد عملے کی تفصیلات اور اسکول کو درپیش مسائل اور مشکلات بارے آگاہ کیا**

**ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے ڈپٹی کمشنر کو اسکول کی تعلیمی سرگرمیوں، سہولیات، اور انتظامی امور سے متعلق مکمل بریفنگ**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (میل) اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (فیمیل) کے ہمراہ گورنمنٹ مشن گرلز مڈل اسکول کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے اسکول کے مختلف کلاس رومز اور دیگر شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے ڈپٹی کمشنر کو اسکول کی تعلیمی سرگرمیوں، سہولیات، اور انتظامی امور سے متعلق مکمل بریفنگ دی۔ اسکول کی وائس پرنسپل نے ڈپٹی کمشنر کو اسکول میں طلبہ کی تعداد، تدریسی و غیر تدریسی عملے کی تفصیلات اور اسکول کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اسکول کی تعلیمی سرگرمیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے اور درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

## حکومت زمہ دارانہ صحافت کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے، ڈی سی گوادر

**ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن نے 20 لاکھ روپے کی گرانٹ کا چیک صدر اسماعیل عمر کے سپرد کر دیا**

گوادر (خ ن) حکومت بلوچستان کی صحافت نواز پالیسی کے تحت گوادر پریس کلب کو 20 لاکھ روپے کی مالی گرانٹ فراہم کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن نے باضابطہ طور پر گرانٹ چیک پریس کلب کے صدر اسماعیل عمر کے سپرد کیا۔ تقریب میں محکمہ اطلاعات گوادر کے ضلعی اطلاعات افسر بالاچ بلوچ، چیئرمین میونسپل کمیٹی گوادر ماجد جوہر، پریس کلب کے نائب صدر بشیر قاسم، جوائنٹ سیکرٹری سلمان جاوید سمیت دیگر موجود تھیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن نے کہا کہ یہ گرانٹ نہ صرف پریس کلب کی بنیادی ضروریات کو پورا کرے گی بلکہ گوادر سمیت بلوچستان بھر میں صحافت کے فروغ، استحکام اور ادارہ جاتی بہتری کے لیے بھی ایک مؤثر سنگ میل ثابت ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت بلوچستان مقامی سطح پر آزاد، ذمہ دار اور بااثر صحافت کے قیام و فروغ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، جن میں پریس کلبز کو سہولیات کی فراہمی سر فہرست ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ پریس کلبز کا قیام صحافیوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ، تربیتی مواقع کی فراہمی اور عوامی مسائل کے اجاگر کرنے میں مؤثر کردار ادا کرے گا۔ یہ امر بھی لائق ذکر ہے کہ اس سے قبل تربت پریس کلب کو بھی محکمہ اطلاعات اور حکومت بلوچستان کی جانب سے 50 لاکھ روپے کی خصوصی گرانٹ فراہم کی جا چکی ہے، جب کہ 20 لاکھ روپے کی سالانہ معمول کی گرانٹ بھی جلد از جلد جاری کر دی جائے گی۔ موجودہ گرانٹ اسی سلسلے کی ایک اور اہم کڑی ہے۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 17 جون کو طلب کر لیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 17 جون کو طلب کر لیا۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 17 جون کو سہ پہر 4 بجے بلوچستان اسمبلی میں طلب کر لیا۔ گورنر کی منظوری کے بعد سیکرٹری اسمبلی نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس شام ......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

4 بجے طلب کرنے سے متعلق نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

## گڈانی کسٹم کا گودام پر چھاپہ، غیر ملکی سامان پکڑا گیا

**چھالیہ، دودھ، مضر صحت گٹکا و دیگر سامان 4 ٹرکوں میں لوڈ کر کے کسٹم ہاؤس منتقل**

حب (نمائندہ انتخاب) غیر ملکی اشیاء کے ذخیرہ گودام پر گڈانی کسٹمز کا چھاپہ چھالیہ، دودھ، آداب صفینہ سمیت و دیگر غیر ملکی سامان 4 مزدہ ٹرک گاڑیوں میں لوڈ کر کے گڈانی کسٹم ہاؤس منتقل کر دیا گیا، حکام کی جانب سے اب تک کارروائی میڈیا پر لانے کے بجائے خفیہ میں رکھا جا رہا ہے اس حوالے بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

سے بتایا جاتا ہے کہ گڈانی کسٹم حکام نے بدھ اور جمعرات کی درمیانی رات گئے پولیس کے ہمراہ حب کے علاقے بلوچ کالونی میں غیر ملکی سامان اسٹاک کرنے والے گودام پر چھاپہ مار بتایا جاتا ہے کہ رات گئے گڈانی کسٹم حکام سرکل پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ گودام پر چھاپہ مار کارروائی کی اور غیر ملکی چھالیہ دودھ، آداب، صفینہ بڑی مقدار میں 4 مزدہ ٹرکوں گاڑیوں میں لوڈ کر کے گڈانی کسٹم ہاؤس منتقل کر دیا گیا۔

INTEKHAB QUETTA

## سعودی عرب سے عازمین کو لیکر پہلی حج پرواز کوئٹہ پہنچ گئی

**وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان نے کوئٹہ ایئرپورٹ پر حاجیوں کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے انہیں وطن واپسی پر خوش آمدید کہا**

**بہتر انتظامات پر خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز، سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، اور سعودی وزارت حج و عمرہ کے مثالی انتظامات پر شکر گزار ہیں، حجاج کرام**

کوئٹہ (خ ن) سعودی عرب سے فریضہ حج کی ادائیگی کے بعد حجاز مقدس سے عازمین حج کو لیکر پہلی پرواز کوئٹہ پہنچ گئی، جمعرات کو جدہ سے قومی ایئر لائن پی آئی اے کی حج پرواز کے ذریعے 153 حجاج کرام کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچے تو وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان نے کوئٹہ ایئرپورٹ پر حاجیوں کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے انہیں وطن واپسی پر خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر محکمہ مذہبی امور، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران بھی موجود تھے۔ محکمہ مذہبی امور کے مطابق حجاز مقدس سے قومی ایئرلائن کے ذریعے حجاج کی واپسی بقیہ نمبر 3 صفحہ 5 پر

کا سلسلہ 30 جون تک جاری رہیگا۔ اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان نے بہترین حج انتظامات کرنے پر سعودی عرب ولی عہد محمد بن سلمان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان نے سعودی عرب کے ساتھ مل کر حجاج کو ماضی کے مقابلے میں بہترین سہولیات فراہم کی، نسیم الرحمان خان نے کہا کہ حج 2025 میں پاکستانی عازمین حج کو غیر معمولی خدمات اور سہولیات فراہم کی گئی، بہترین حج انتظامات پر سعودی وزارت حج و عمرہ کا ایکسی لینسی ایوارڈ پاکستان کے لیے اعزاز و باعث فخر ہے جس کا کریڈٹ وزیراعظم شہباز شریف کو جاتا ہے۔ اس موقع پر حجاج کرام نے کہا کہ بہتر انتظامات پر خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز، سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، اور سعودی وزارت حج و عمرہ کے مثالی انتظامات پر شکر گزار ہیں۔ حجاج کرام نے وزارت مذہبی امور پاکستان کی جانب سے مؤثر انتظامات کو سراہتے ہوئے وزیراعظم اور وفاقی حکومت کا بھی شکریہ ادا کیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 13 JUN 2025 Page No. 13

# حب اور گڈانی کیلئے بچھائی گئی پائپ لائن پر غیر قانونی واٹر کنکشن کی بھرمار

## محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ حب اور گڈانی کے عوام کو پینے کا پانی فراہم کرنے میں ناکام ہوگیا

### سینٹرل جیل گڈانی کو بھی پانی کی فراہمی معطل شہریوں اور جیل انتظامیہ کو واٹر ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا

حب (نمائندہ انتخاب) محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ حب اور گڈانی کے عوام کو پینے کا پانی فراہم کرنے میں ناکام حب اور گڈانی شہر کیلئے بچھائی گئی پائپ لائن پر غیر قانونی واٹر کنکشن کی بھرمار PHE ڈیپارٹمنٹ کا پانی چوروں کے خلاف کاروائی سے گریز عوامی حلقوں کا اظہار تشویش سینٹرل جیل گڈانی کو بھی پانی کی فراہمی معطل شہریوں اور جیل انتظامیہ کو واٹر ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ گزشتہ دنوں ڈائریکٹر محتسب کے دورہ کے موقع پر سینٹرل جیل گڈانی کو پانی کی فراہمی ممکن بنانے کیلئے سخت احکامات پر PHE ڈیپارٹمنٹ نے اٹک گیٹ سے PHE تالاب تک زیر زمین پائپ لائن بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

کے ذریعے تالاب بھرے اور دعویٰ کیا گیا کہ گڈانی شہر اور سینٹرل جیل کو پانی کی فراہمی بحال کردی گئی ہے تاہم گڈانی کے شہریوں اور جیل ذرائع بتاتے ہیں کہ PHE حکام کا مذکورہ دعویٰ حقیقت کے برعکس ہے اور وہاں پر پانی کا بحران برقرار ہے اور یہ سلسلہ گزشتہ پانچ سے چھ ماہ پر محیط ہے بتایا جاتا ہے کہ گڈانی کو پانی کی سپلائی معطل ہونے کی وجوہات دراصل حب دارو ہوٹل سے گڈانی کراس تک قومی شاہراہ کے دونوں اطراف قائم درجنوں ہاؤسنگ سوسائیٹیز ہوٹلز کار واش سروس اسٹیشنز اور کئی مقامات پر PHE کی مین پائپ لائن سے زرعی فارم ہاؤسز اور زرعی زمینوں کو سیراب کرنے کیلئے غیر قانونی کنکشنز لگائے گئے ہیں اور گڈانی کے شہریوں اور سینٹرل جیل گڈانی کے قیدیوں کیلئے دیا جانے والا پانی چوری کیا جارہا ہے جس پر PHE حکام نے پُر اسرار خاموشی اختیار کررکھی ہے جبکہ حب دارو ہوٹل کینال سے حب PHE واٹر سپلائی تک کی پائپ لائن کا بھی یہی حشر ہے ایک جانب غیر قانونی کنکشن تو دوسری جانب خستہ حال پائپ لائن کی وجہ سے حب شہر تک پانی کا پہنچنا محال ہوکر رہ گیا ہے جسکی سزا حب کے شہری بھگت رہے ہیں اس حوالے سے حب اور گڈانی کے عوام کا بارہا احتجاج اور انتظامیہ سے اپیلوں پر بھی کوئی نوٹس نہیں لیا جارہا البتہ حب کے صنعتکاروں کو پانی کی کمی پر صوبائی حکومت اور حب انتظامیہ فوری طور پر حرکت میں آجاتی ہے اور اعلیٰ سطحی اجلاس طلب کرکے حب کے صنعتی یونٹوں کو پانی کی فراہمی کیلئے حب کے عوام کیلئے کینال پر بند باندھ کر لیڈا کے تالاب بھرے جاتے ہیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومت اور انتظامیہ کی ترجیحات میں صنعتی شعبہ کے ساتھ ساتھ حب اور گڈانی کے عوام بھی ہونے چاہیں اور حب دارو ہوٹل سے حب شہر اور گڈانی موڑ تک نہ صرف واٹر سپلائی پائپ لائنوں کی مرمت و بحالی پر توجہ دی جائے بلکہ غیر قانونی کنکشن کا قلع قمع کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر آپریشن شروع کیا جائے۔

# ریکوڈک منصوبے کیلئے 37 ارب روپے کی اضافی گرانٹ آئی ایم ایف ناراض

## وفاقی حکومت کی جانب سے بغیر منظوری 344 ارب 64 کروڑ روپے گرانٹس کے اجرا پر تحفظات کا اظہار کردیا، بجٹ دستاویز

### آئی ایم ایف حکام نے قومی اسمبلی سے منظوری کے بغیر اخراجات معاہدے کی خلاف ورزی قرار دیدیا

اسلام آباد (آئی این پی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے وفاقی حکومت کی جانب سے بغیر منظوری 344 ارب 64 کروڑ روپے گرانٹس کے اجرا پر تحفظات کا اظہار کردیا۔ بجٹ دستاویز کے مطابق وفاقی حکومت نے رواں مالی سال 344 ارب 64 کروڑ روپے کے اضافی اخراجات کیے، ان اضافی اخراجات کی منظوری کے لیے قومی اسمبلی سے رجوع کرلیا گیا۔ سب سے بڑی گرانٹ 115 ارب روپے بجلی کے شعبے میں آئی پی پیز کو دی گئی، دفاعی اخراجات کے لیے 59 ارب روپے سپلیمنٹری بقیہ نمبر 67 صفحہ 5 پر

گرانٹ کی بھی منظوری لی جائے گی۔ صوبہ سندھ میں سیلاب متاثرین کے لیے 30 ارب روپے مختص کیے گئے۔ دستاویز کے مطابق 14 ارب روپے کی رقم زرعی ٹیوب ویلز کی سولرائزیشن کے لیے جاری کی گئی، پاکستان آرمی کی انسداد دہشتگردی صلاحیت بڑھانے کیلئے 23 ارب روپے کی گرانٹ شامل ہے۔ ٹیکنالوجی اپ گریڈ کرنے کے لیے 2 ارب روپے کی منظوری لی جائے گی۔ ریکوڈک منصوبے کے لیے 3.7 ارب روپے کی اضافی رقم جاری کی گئی، ایس آئی ایف سی کیلئے 52 کروڑ روپے کی گرانٹ، ارکان پارلیمنٹ کی اسکیموں کے لیے 7 ارب روپے جاری کیے گئے، ایف بی آر کو مختلف مد میں 6 ارب روپے کی گرانٹس دی گئیں۔ سپریم کورٹ، اسلام آباد ہائیکورٹ، وزارت داخلہ سمیت دیگر محکموں کے اخراجات بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب آئی ایم ایف نے بغیر منظوری گرانٹس کے اجرا پر تحفظات کا اظہار کردیا، آئی ایم ایف حکام نے قومی اسمبلی سے منظوری کے بغیر اخراجات معاہدے کی خلاف ورزی قرار دیدیا۔

# بلوچستان اور سندھ میں 85 ہزار نئے گیس کنکشن دینے کا منصوبہ

## ملک میں گیس کی قلت کے باوجود ایک لاکھ 16 ہزار سے زائد نئے گیس کنکشنز دینے کا منصوبہ تیار کرلیا گیا، سرکاری دستاویز

### ایک لاکھ 15 ہزار 530 نئے گھریلو گیس صارفین 550 نئے کمرشل گیس صارفین اور 350 نئے صنعتی صارفین کو کنکشن دینے کا ہدف مقرر

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں گیس کی قلت کے باوجود ایک لاکھ 16 ہزار سے زائد نئے گیس کنکشنز دینے کا منصوبہ تیار کرلیا گیا، سرکاری دستاویز کے مطابق آئندہ مالی سال ایک لاکھ 15 ہزار 530 نئے گھریلو گیس صارفین، 550 نئے کمرشل گیس صارفین اور 350 نئے صنعتی صارفین کو کنکشن دینے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سندھ اور بلوچستان میں آئندہ مالی سال 85 ہزار 740 نئے گیس کنکشن دیئے جائیں گے، پنجاب، اسلام آباد، اور خیبر پختونخوا میں آئندہ مالی سال 30 ہزار 530 نئے گیس کنکشنز دینے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ رواں مالی سال کے نظرثانی ہدف کے مقابلے میں نئے سال 96 ہزار 209 نئے گیس کنکشنز دینے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے، آئندہ مالی بقیہ نمبر 33 صفحہ 5 پر

سال سوئی ناردرن کے سسٹم پر 30 ہزار 530 نئے گیس کنکشنز کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ دستیاب دستاویز کے مطابق نئے مالی سال میں سوئی سدرن کے سسٹم پر 85 ہزار 740 نئے گیس کنکشن دینے کا ہدف رکھا گیا ہے، آئندہ مالی سال ایک لاکھ 15 ہزار 530 نئے گھریلو گیس صارفین کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 13 JUN 2025 Page No. 16

## اوڑک میں پکنک منانے والوں کی فائرنگ سے ہنہ کا رہائشی جاں بحق

**نجیب اللہ جے ڈبلیو پی کا کارکن تھا، 5 افراد گرفتار، آلہ قتل بھی برآمد، لاش ورثا کے حوالے کردی گئی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ہنہ اوڑک میں پکنک منانے والوں کی فائرنگ سے جمہوری وطن پارٹی کارکن جاں بحق ہوگیا، پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 5 افراد کو گرفتار کر کے آلہ قتل قبضے میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق ہنہ اوڑک میں گزشتہ شب نوجوان پکنک منا رہے تھے کہ اسی دوران ہنہ کے رہائشی نجیب اللہ نے انہیں کہا کہ پکنک کا وقت ختم ہوگیا آپ لوگ یہاں سے چلے جائیں جس پر نوجوانوں نے تلخ کلامی کرتے ہوئے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی گئی، پولیس نے بتایا کہ مقتول جمہوری وطن پارٹی کا رکن تھا۔ دوسری جانب ایس ایچ او ہنہ نوید خان نے دیگر عملے کے ہمراہ بروقت کارروائی کرتے ہوئے پانچ افراد کو گرفتار کر کے آلہ قتل اور گاڑی قبضے میں لے لی۔

## خضدار میں فائرنگ سے معروف قبائلی رہنماء جاں بحق

**رکن صوبائی اسمبلی میر یونس عزیز زہری کے بھانجے میر کامران جنگ کو ایک ہوٹل پر نشانہ بنایا گیا، موقع پر ہی دم توڑ گئے**

خضدار (نامہ نگار) معروف سیاسی و قبائلی رہنما سردار زادہ میر کامران جنگ نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب خضدار شہر کے قریب قومی شاہراہ سے متصل ایک مقامی ہوٹل کے قریب میر کامران جنگ اپنے ایک ساتھی کے ہمراہ چائے پی رہے تھے اتنے میں ایک مسلح شخص نے ان کے قریب پہنچ کر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں میر کامران جنگ موقع پر جاں بحق ہو گئے میر کامران جنگ سردار شکر خان جنگ کے فرزند پی پی کے صوبائی کونسل کے رکن میر عمران جنگ کے بھائی ممبر صوبائی اسمبلی میر یونس عزیز اور میر حاجی ظفر عزیز زہری کے بھانجے تھے۔

## سبی: ڈی ایس پی کی رہائش گاہ پر دستی بم سے حملہ

کوئٹہ (این این آئی) سبی میں نامعلوم افراد ڈی ایس پی کی رہائش گاہ پر دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق جمعرات کو سبی میں سٹی پولیس تھانہ کے اندر واقع ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر محمد اشرف جمالی کی رہائش گاہ پر نامعلوم افراد نے دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

## شاہرگ سے دو اشتہاری گرفتار

ہرنائی (نامہ نگار) ایس ایچ او لیویز تھانہ شاہرگ محمد عمر رند اور ایڈیشنل ایس ایچ او عبدالخالد کی سربراہی میں شاہرگ لیویز نے دو اشتہاریوں کو گرفتا کر کے منشیات قبضے میں لے لی۔

## ڈیرہ مراد میں موٹر سائیکل چوری، اوستہ محمد میں گن پوائنٹ پر چھین لی گئی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم چوروں نے ایک شخص کی موٹر سائیکل چوری کر لی جبکہ اوستہ محمد میں مسلح افراد ایک شخص سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔

## صحبت پور میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صحبت پور میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد شدید زخمی ہو گئے زخمیوں کو طبی امداد کے بعد لاڑکانہ منتقل کردیئے گئے پولیس کے مطابق صحبت پور کے علاقے میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے دو افراد کو شدید زخمی کر دیا پولیس کے مطابق واقعہ کی وجہ پرانی دشمنی بتائی جاتی ہے۔

## منگچر سے نوجوان کی لاش برآمد

قلات (این این آئی) منگچر کے علاقے مندے حاجی سے نوجوان عبدالکریم نیچاری ساکن کلی بہرام شہی منگچر کی لاش برآمد ہوئی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## تمپ، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص قتل

**مقتول عبداللہ کی نعش ورثاء کے حوالے، مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تمپ کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تمپ کے علاقے ملک آباد میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص عبداللہ کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 13 JUN 2025

Page No. 17

# خضدار میں انٹرنیٹ سروس کی بندش، طلباء تاجر پریشان

**انٹرنیٹ وابسطہ افراد شدید متاثر انٹرنیٹ کی فوری بحالی کا مطالبہ**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں انٹرنیٹ سروس کی بندش سے طلباء تاجر برادری سمیت انٹرنیٹ وابسطہ افراد شدید متاثر انٹرنیٹ کی فوری بحالی کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق خضدار میں گزشتہ چند ہفتوں سے انٹرنیٹ سروس کی بندش نے شہریوں زندگی کو اجیرن بنادی ہے جہاں عام شہری روزمرہ کی بنیادی سہولتوں سے محروم ہو چکے ہیں، وہیں طلباء، وطالبات اور کاروباری طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ انٹرنیٹ کی عدم دستیابی نے تعلیمی سرگرمیوں کو شدید نقصان پہنچایا ہےجبکہ کاروباری حضرات بھی معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ طلبا کا کہنا ہے کہ آن لائن کلاسز، ٹیسٹ کی تیاری اور تعلیمی مواد تک رسائی تقریباً ناممکن ہو چکی ہے، جس سے ان کا قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہےطالب علموں کا کہنا ہےکہ ہم نے مہنگے موبائل ڈیٹا پیکجز لیے تھے تاکہ آن لائن تعلیم حاصل کر سکیں، مگر کئی دنوں سے انٹرنیٹ بند ہے۔ کاروباری طبقے کی بھی کچھ ایسی ہی شکایات ہیں۔ آن لائن ٹرانزیکشنز، ای میلز، ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور دیگر کاروباری امور انٹرنیٹ کے بغیر ممکن نہیں رہے۔ مقامی دکانداروں کا کہنا ہے کہ بینکنگ نظام بھی شدید متاثر ہوا ہے، جس سے روزانہ کی سیلز میں واضح کمی آئی ہےخضدار کے شہریوں نے حکومت وقت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ خضدار میں انٹرنیٹ سروس کو فوری طور پر بحال کیا جائے تاکہ عوام کو درپیش تعلیمی و معاشی مسائل کا ازالہ ہو سکے اور انٹرنیٹ سروس کی بلاتاخیر بحالی کو یقینی بنا کر عوام کو انٹرنیٹ کی سہولت سے آراستہ کریں۔

# بلوچستان گرمی کی لپیٹ میں، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے صارفین پریشان

**لوڈشیڈنگ کے باعث کاروباری سرگرمیاں ٹھپ، تاجر حضرات و گھریلو صارفین کو مشکلات درپیش**

**آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بلوچستان میں موسم گرم و خشک رہے گا، محکمہ موسمیات**

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان شدید گرمی کی لپیٹ میں، بجلی کی طویل بندش سے عوامی زندگی مفلوج، بلوچستان بھر میں شدید گرمی کی لہر جاری ہے اور عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے شدید درجہ حرارت کے ساتھ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بجلی کی طویل ..........

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

اور غیر اعلانیہ بندش نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے، روزمرہ معمولات متاثر ہیں جبکہ کاروباری سرگرمیاں بھی ٹھپ ہو چکی ہیں محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بلوچستان کے بیشتر میدانی علاقوں میں موسم انتہائی گرم اور خشک رہے گا دارالحکومت کوئٹہ، سبی، تربت، پنجگور، خضدار، مجمل مگسی، جعفرآباد، نصیرآباد، دالبندین، نوکنڈی، چاغی، نوشکی خاران اور سوراب سمیت متعدد علاقوں میں درجہ حرارت 45 ڈگری سینٹی گریڈ سے تجاوز کرنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے گرمی کی شدت کے ساتھ بجلی کی عدم دستیابی نے عوام کو مزید اذیت میں مبتلا کر دیا ہے، لوگ نہ صرف پانی کی قلت کا شکار ہیں بلکہ پنکھے، کولر اور دیگر بنیادی ضروریات سے بھی محروم ہیں۔ محکمہ موسمیات نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ غیر ضروری طور پر دن کے وقت باہر نہ نکلیں دھوپ سے بچاؤ کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور پانی کا زیادہ استعمال کریں تاکہ ہیٹ اسٹروک سے محفوظ رہ سکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 13 JUN 2025 Page No. 18

## بلوچستان کا بجٹ 20 جون کو پیش ہونے کا امکان،

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا عوام دوست بجٹ پیش کرنے کا عزم!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بجٹ کی تیاری سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں اتحادی جماعتوں سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن)، عوامی نیشنل پارٹی، جماعت اسلامی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے پارلیمانی رہنما شریک ہوئے۔ تمام اتحادیوں کی تجاویز کو بجٹ کا حصہ بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ بجٹ عوامی ضروریات اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھ کر بنایا جا رہا ہے۔ عوامی فلاح، پسماندہ علاقوں کی ترقی، تعلیم، صحت، روزگار اور امن و امان بجٹ کی ترجیحات ہوں گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ بجٹ کے فوائد عام آدمی تک پہنچ سکیں۔ بلوچستان کا بجٹ 20 جون کو پیش کیے جانے کا امکان ہے، جس کا مجموعی حجم 10 کھرب روپے سے زائد متوقع ہے۔ اطلاعات کے مطابق آئندہ مالی سال کے بجٹ میں غیر ترقیاتی اخراجات کے لیے 800 ارب روپے جبکہ صوبائی پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے لیے 250 ارب روپے مختص کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق بجٹ میں تعلیم، صحت اور امن و امان کے شعبوں کو خصوصی ترجیح دی جا رہی ہے۔ محکمہ تعلیم کے لیے 170 ارب روپے جبکہ صحت اور امن و امان کے لیے مجموعی طور پر 100 ارب روپے رکھے جائیں گے۔ صوبے کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں بھی وفاقی حکومت کی طرز پر اضافہ متوقع ہے تاکہ ملازمین کو مہنگائی کے موجودہ دباؤ سے ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ بجٹ کی تیاری کے عمل کو مؤثر اور شفاف بنانے کے لیے محکمہ خزانہ نے 12 ماہرین کی خدمات کنٹریکٹ پر حاصل کی ہیں۔ حکومتی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے آئندہ مالی سال کا بجٹ ایک مثالی بجٹ ہوگا جس میں عوامی فلاح و بہبود اور پائیدار ترقی کو مرکزی حیثیت دی گئی ہے۔ موجودہ حکومت کی جانب سے یہ واضح کیا گیا ہے کہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کو زیادہ اہمیت دی جائے گی جبکہ روزگار کے وسیع مواقع پیدا کیے جائینگے خاص کر نوجوانوں کو زیادہ اہمیت دی جائے گی۔ بجٹ میں عوامی نوعیت کے منصوبوں کو زیادہ اہمیت دی جائے گی تاکہ عوام کو براہ راست فائدہ پہنچ سکے۔ بلوچستان زرعی صوبہ ہے زراعت کے شعبے کو زیادہ اہمیت دینے کی ضرورت ہے تاکہ صوبے کی زرعی پیداوار میں اضافہ ہو، زمینداروں کو ریلیف دینے کے ساتھ پانی اور بجلی جیسے اہم مسائل کو حل کرنے کی ضرورت ہے۔ غذائی اجناس کی پیداوار سے کسانوں کو بھی فائدہ ہوگا جبکہ عوام کی ضروریات بھی پوری ہونگی۔ بجٹ میں بلوچستان کے تمام اضلاع کو یکساں اہمیت دینی چاہیے تاکہ دور دراز علاقوں کے مسائل حل ہوسکیں۔ امید ہے بجٹ عوام دوست ہوگا جس میں تمام شعبوں کو ترجیح دی جائے گی، تاجروں کیلئے بھی ریلیف کا بندوبست کیا جائے گا تاکہ مقامی تاجروں کی حوصلہ افزائی ہو۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 13 JUN 2025 Page No. 19


## انسداد دہشت گردی اور پاکستان

پاکستان کے دہشت گردی کیخلاف مثبت اور فعال کردار کی پوری دنیا معترف ہے اور اس وقت بھی وہ یہ جنگ لڑ رہا ہے جس کا امریکہ نے بھی کھلے عام اعتراف کرتے ہوئے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کو اہم شراکت دار قرار دیدیا ہے۔ امریکی سنٹرل کمانڈ (سینٹ کام) کے چیف جنرل مائیکل کوریلا نے بلوچستان میں دہشت گردی اور داعش خراسان جیسی دہشتگرد تنظیموں کیخلاف پاکستان کی جدوجہد کو سراہا۔ داعش خراسان اس وقت عالمی سطح پر سب سے سرگرم دہشت گرد تنظیموں میں شمار ہوتی ہے انٹیلیجنس تبادلے کے بعد پاکستان نے اس کے درجنوں دہشت گردوں کو ہلاک کیا اور پانچ اہم دہشتگردوں کو پکڑ کر امریکہ کے حوالے کیا ان میں ایبے گیٹ حملے کا مرکزی ملزم جعفر (شریف اللہ) بھی شامل ہے۔ جنرل مائیکل کوریلا کا امریکی سینیٹ کی آرمڈ سروسز کمیٹی کے سامنے کہنا تھا کہ 2024ء کے آغاز سے اب تک پاکستان کے مغربی علاقوں میں ایک ہزار سے زیادہ دہشت گرد حملے ہوئے جن میں تقریباً 700 سکیورٹی اہلکار اور شہری شہید اور 2500 زخمی ہوئے۔ جنرل کوریلا کا کہنا تھا کہ ہمیں (امریکہ) پاکستان اور بھارت دونوں کے ساتھ تعلقات رکھنے ہونگے۔ ایسا نہیں ہے کہ اگر ہمارا بھارت کے ساتھ تعلق ہے تو ہم پاکستان کے ساتھ تعلق نہیں رکھ سکتے۔ پاکستان اور امریکہ نے 10 مئی کو واشنگٹن میں دہشتگردی کیخلاف تعاون کی توثیق کرتے ہوئے کالعدم ٹی ٹی پی اور داعش خراسان جیسی دہشتگرد تنظیموں کے خطرات سے نمٹنے کیلئے باہمی تعاون پر زور دیا تھا اس حوالے سے رواں ماہ پھر بات چیت ہوگی۔ افغانستان سے امریکہ اور نیٹو افواج کے انخلا کے بعد پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں بڑھی ہیں اور ہنوز جاری ہیں۔ دہشت گردوں کا کوئی مذہب اور نظریہ نہیں۔ داعش یا ٹی ٹی پی کا نام دیدیں سب ایک ہیں۔ یہ بات ڈھکی چھپی نہیں ہے کہ ان دہشتگرد تنظیموں کو بھارت کی پشت پناہی حاصل ہے اور دہشت گردی میں بھارتی ریاستی کردار کو بھی مشترکہ طور پر ختم کرنا ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 13 JUN 2025 Page No. 20

# کوئٹہ میں نشے کے عادی افراد کی تعداد میں اضافہ!

ایک خبر کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اس وقت جہاں دیگر مسائل کا شکار ہے وہاں ایک بہت بڑا مسئلہ بھی درپیش ہے کیونکہ کوئٹہ میں نشے کے عادی افراد کی تعداد میں روز بروز بڑی تیزی کے ساتھ اضافہ ہورہا ہے۔غیر سرکاری تنظیموں کے اعداد وشمار کے مطابق کوئٹہ شہر میں اس وقت منشیات رجسٹرڈ افراد کی تعداد 28 ہزار سے زائد ہے جبکہ ایک سروے کے مطابق بلوچستان میں 2 لاکھ 80 ہزار افراد منشیات استعمال کرتے ہیں۔جب کہ اصل تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے۔منشیات کے عادی افراد میں نوجوانوں کی تعداد زیادہ ہے جن میں 14 سے 25 سال تک کی عمر کے نوجوان شامل ہیں۔اس طرح منشیات استعمال کرنے والی خواتین اور لڑکیوں کی تعداد میں بھی تیزی سے اضافہ ہورہا ہے۔کوئٹہ شہر کے وسط میں قائم سٹی نالے میں روزانہ مبینہ طور پر لاکھوں روپے کی منشیات کی خرید وفروخت ہورہی ہے۔نشے کے یہ افراد اپنا نشہ پورا کرنے کے لیے چوریوں سے بھی نہیں کتراتے۔وہ موقع ملتے ہی چوری کی وارداتیں کرتے ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جو بلاشبہ بڑی اہمیت کا حامل شہر ہے میں نشے کے عادی بڑی تعداد میں نشے کے عادی افراد کا ہونا بہت بڑا لمحہ فکریہ اور یہ متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے کیونکہ ان کی کارکردگی اچھی نہ ہونے کے باعث مذکورہ صورتحال بنی ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کو منشیات کے ناسور سے پاک کرنے کے لیے متعلقہ اداروں کو اپنی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں۔اقدامات نہ ہونے کے باعث اس وقت صورتحال بہت گھمبیر ہوچکی ہے۔کیونکہ نوجوان نسل کا منشیات کا عادی ہونا معاشرے کے لے کلنک کا ٹیکہ ہے جن نوجوانوں نے مستقبل کی بھاگ دوڑ سنبھالنی ہے اگر وہی نشے کے عادی بن گئے تو یہ ملک کے مستقبل کو خطرہ ہوگا جو کہ کسی صورت نہیں ہونا چاہئیے۔اس کی روک تھام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو آپس میں مل کر منشیات کے خاتمے کے لیے کام کرنا چاہئیے۔اس میں عملی طور پر اقدامات کرنے چاہئیں۔یہ ایسا نہیں ہوگا کہ گاہے لگاہے کوئٹہ شہر کے سٹی نالے میں چھاپہ مار کر کچھ لوگوں کو گرفتار کرلیا جائے اور پھر ان کو بعد میں چھوڑ دیا جائے اب تک یہ کھیل سٹی لانے تک محدود نہیں ہے بلکہ اس کا دائرہ پورے شہر میں پھیل چکا ہے۔ہر گلی کوچے میں نشے کے عادی افراد دندناتے پھرتے ہیں اور وہ موقع ملتے ہی چوریاں بھی کرنے سے نہیں کتراتے اس لیے ان کے روک تھام کے لیے اقدامات کرنا نہایت ناگزیر ہے۔ایسے افراد کو گرفتار کرکے ان کا علاج کرایا جائے اور نشے کے عادی افراد کو اس وقت تک نہیں چھوڑنا چاہئیے جب تک وہ نشے کی عادت ترک نہ کرے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 13 JUN 2025 Page No. 21

## حکومت کا پاکستان کو ایتھوپیا اور صومالیہ بنانے کا منصوبہ

پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور اس سال پیداواری لحاظ سے منفی میں رہا ہے، یہ حکمرانوں کی ایک دن کی کامیابی نہیں ہے اس کے لیے وہ برسوں سے محنت کررہے ہیں، زرعی ملک ہونے کے باوجود نہ تو کسانوں کو پورا سال پانی میسر ہے اور نہ ہی کاشتکاری کے حوالے سے کوئی بڑی تحقیق اور آسانیاں میسر ہیں، بلکہ حکومت پاکستان اور ریاستی ادارے بڑی بے دردی سے زرعی زمینوں کو تیزی سے بلڈرز اور لینڈ مافیا کو فروخت کررہے ہیں جو انہیں رہائشی اسکیمیں بنا کر مہنگے داموں فروخت کردیتے ہیں، اس کے علاوہ ریاستی ادارے بھی ہری بھری زمینوں پر قبضے کرکے انہیں فلاں ٹاؤن یا اتھارٹی میں تبدیل کردیتے ہیں۔ حکومت نے اس سال فرجی فرٹیلائزر، شفا اسپتال، بار کونسلز سمیت 111 اداروں کو ٹیکس استثنیٰ فراہم کیا ہے، لیکن بلوچستان کے زرعی سولر ٹیوب ویلز کو سبسڈی سے محروم کردیا ہے۔ اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ حکمران ملک کو کس جانب دھکیلنا چاہتے ہیں۔

صومالیہ اور ایتھوپیا بھی زرعی ملک تھے، ان ممالک کے نااہل اور لالچی حکمرانوں نے بالکل پاکستان کے حکمرانوں کی طرح اپنی جائیدادیں بیرون ملک بنائی، ملک میں صنعتی انقلاب لانے کے بہانے معدنیات بیچ دیں اور زرعی ملک ہونے کے باوجود ایک طویل عرصے سے ایتھوپیا اور صومالیہ کے عوام بھوک اور افلاس سے مررہے ہیں۔ ہمارے حکمران بھی وہی حرکتیں کرتے نظر آتے ہیں۔ پاکستانی حکمرانوں کے بھی جائیدادیں بیرون ملک ہیں اور یہاں بھی زراعت کی ترقی کے لیے کوئی طویل منصوبہ بندی نہیں ہے، ملک کی 66 فیصد زرعی زمین میں سے آدھی سے بھی کم پر کاشت کاری ہوتی ہے، باقی آدھی سے زائد قابل کاشت اراضی پر فصلیں نہ اگنے کی وجہ پانی کی عدم دستیابی ہے، حکمرانوں نے آج تک اس حوالے سے کوئی منصوبہ بندی نہیں کی کہ ان زمینوں پر پانی کیسے پہنچایا جائے، ملک میں جتنے ڈیم بننے چاہیے تھے وہ آج تک نہیں بنے، کیونکہ ڈیم سے ملک وقوم کو بہت سارے فائدے ہیں لیکن اس میں حکمرانوں کو فوری کمیشن ہاتھ نہیں آتا۔

حکومت اور مقتدر حلقوں کو سوچنا چاہیے کہ مرغی ہی ذبح کردیں گے تو پھر انڈے کہاں سے آئیں گے، افریقی ممالک کے حکمرانوں نے اس قسم کی بڑی غلطیاں کی اور آج تک عوام ان غلطیوں کا خمیازہ بھگت رہے ہیں، لہذا بجٹ پر نظرثانی کی جائے اور اپنی ترجیحات کو بھی واضح کیا جائے، تعلیم اور زرعی شعبے کے بجٹ میں کٹوتی اور کسانوں سے ساتھ ہونے والی ان زیادتیوں کا فوری ازالہ کیا جائے جس کے باعث کسانوں کو نقصانات کا سامنا ہے۔ بصورت دیگر ہم بھی ان ہی کی طرح نام کے زرعی ملک رہ جائیں گے، آج بھی ہم گندم، چینی، اور دیگر زرعی اجناس درآمد کررہے ہیں، ملک کو پیداواری لحاظ سے حکمرانوں نے بہت نقصان پہنچایا ہے، پاکستان کو ایک درآمدی ملک بنادیا گیا ہے، جہاں تیل سے لے کر زرعی اجناس تک درآمد کی جارہی ہیں جبکہ پاکستان قدرتی لحاظ سے ایک زرعی ملک ہے جس میں بہترین نہری نظام ہے لیکن حکمرانوں کی نااہلی کی وجہ سے آج ہم زرعی شعبے میں منفی میں کھڑے ہیں۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No. 6
Dated: 13 JUN 2025 Page No. 22

# Climate Change Fund

In response to mounting environmental challenges, the Balochistan government has decided to establish a Climate Change Fund following approval from Chief Minister Sarfraz Bugti. The Balochistan Climate Change Fund aims to mitigate the effects of climate change and promote sustainable development across the province. During a meeting with various delegations, Chief Minister Bugti described the initiative as both timely and critical highlighting that Balochistan faces significant threats from climate change. He emphasized that the fund would enable the implementation of practical steps to ensure a healthier and safer environment for the people.

The fund is set to focus on promoting both adaptation and mitigation strategies to address climate-related risks, conserving natural resources, encouraging nature-compatible development planning, and restoring ecosystems through nature-based solutions. Environmental experts have welcomed the initiative, expressing optimism that the fund will play a crucial role in restoring ecological balance and increasing environmental awareness in the province. Its primary objective is to support effective climate adaptation and mitigation efforts. This includes concrete actions to reduce the province's vulnerability to climate risks and to lessen the severity of environmental impacts.

Balochistan's natural resources, particularly water, are under severe stress due to shifting climate patterns. It is hoped that the fund will prioritize initiatives aimed at conserving these vital resources—an essential step for the long-term sustainability of agriculture, livestock, and public well-being. Additionally, the fund is expected to support ecosystem restoration through Nature-Based Solutions. Such initiatives may include afforestation, wetland rehabilitation, and sustainable land management practices, which contribute to carbon sequestration, mitigate flood risks, and boost biodiversity.

Given the recurring floods that have caused damage worth billions, the fund is also likely to back the development of climate-resilient infrastructure, early warning systems, and community-based disaster preparedness programs to minimize losses and speed up recovery. This could include investments in flood protection projects and efficient water management systems. Balochistan is highly vulnerable to drought, which severely affects its agricultural and pastoral communities. The fund is expected to finance water management initiatives such as the construction of storage facilities (dams), promotion of water-efficient irrigation techniques like drip irrigation, and development of drought-resistant crop varieties. It will also support efforts to recharge rapidly depleting groundwater tables. Creating a dedicated fund offers a structured and institutional approach to addressing climate risks, ensuring effective allocation of resources to high-priority areas and coordinating initiatives for greater impact. The Climate Change Fund is anticipated to serve as a tangible step by the government toward proactively tackling challenges.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ____ Dated: 13 JUN 2025 Page No. ____



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کو بجٹ 2025-26ء کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 13 JUN 2025 Page No.




آئی جی معظم جاہ انصاری محرم الحرام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں